ملفوظی طریقہ سے تلفّظ کے اندراج کے ساتھ

اردو زبان کی پہلی لُغت

علمی

# اُردو لُغت

مُروّج و قدیم الفاظ،

مُرکّبات، مُحاورات، ضرب الامثال

اور فنّی اِصطلاحات

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR

Brought to you by: www.islamicbookbazar.com

Your friendly & reliable online book store

# ا

**ا** الف مقصورہ۔ اُردو حروفِ تہجی کا تعداد اور صوتی دونوں لحاظ سے پہلا حرف جو عربی رسم الخط پر مبنی بعض دوسری زبانوں میں بھی مشترک ہے۔ یہ کبھی لفظ کے شروع میں جیسے اَب، اِدھر، اُدھر، اُوپر؛ کبھی درمیان یا آخر جیسے کار، باریا جا، کھا وغیرہ میں آتا ہے۔ لفظ کے شروع میں کسی دوسرے حرف سے نہیں جُڑتا۔ بعض حروف کے اُوپر چھوٹے کھڑے خط یا نصف الف کی صورت بھی لکھا جاتا ہے، مثلاً: الٰہی، لہٰذا، موسیٰ، اسحٰق؛ اور کبھی حرف کے نیچے چھوٹا الف چھوٹی ی (یائے معروف) کی آواز پیدا کرتا ہے، مثلاً: نفسِہٖ، بذاتِہٖ۔

**اَ** زبرا۔ سابقہ نفی۔ مثلاً: اَجیت ناقابلِ تسخیر؛ اَچھوت بن چھوا؛ اَمر غیر فانی؛ اَٹل جو نہ ہلے، اپنی جگہ سے نہ ٹلے۔

## ا۔ب

**اَب (۱)** زبرا۔ اند۔ ع۔ باپ، والد۔

**اَب وجد** (وج، زبرج) (ع۔ بترکیب فارسی)۔ پُرکھے، اسلاف، خاندان کے بزرگ، باپ دادا۔

**اَب وعم** (ع۔ بترکیب فارسی) باپ اور چچا۔

**اَب (۲)** زبرا۔ متعلق فعل۔ اِس وقت، اِس موقع پر، اِس دور میں، اِس صورت میں؛ اِس کے بعد، آئندہ، بعدازاں، پھر سے، مکرر؛ ہنوز، تاحال؛ بہت جلد، ابھی، عنقریب۔

محاورہ: **اب اب کرنا** ٹال مٹول کرنا۔

کہاوت: **اب بھی میرا مردہ تیرے زندے پر بھاری ہے** باوجود کمزوری کے بھی تجھ سے زیادہ طاقت رکھتا ہوں۔

کہاوت: **اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت** موقع ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے سے کیا حاصل، گزرے ہوئے وقت کا افسوس کرنا فضول ہے۔

**اب تب** ٹال مٹول؛ چند روز میں، تھوڑی دیر میں۔

کہاوت: **اب تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں** اپنے کیے کی سزا پا رہے ہیں۔

**اب جاگے** اب ہوش آیا، بہت دیر بعد خیال آیا۔

**اب جب میں** بہت جلد؛ تھوڑی دیر یا عرصے میں۔

کہاوت: **اب رنگ لائی گلہری** اب چھپے ہوئے عیب ظاہر ہوئے؛ اب جوہر کھلنے لگے۔

**اب سے دُور** کبھی، پہلے؛ خدا نہ کرے کہ پھر۔

کہاوت: **اب کوئی دَم میں مَر لیا باجے گی** تھوڑی دیر میں پتہ لگے گا۔ سزا یا بدلہ ملنے والا ہو تو کہتے ہیں۔

**اب کی/اب کے** اِس دفعہ؛ آئندہ، اگلی بار۔

کہاوت: **اب کی بچے، تو گھر گھر نچے** (چوسر بازوں کی اصطلاح) اگر اَب بچ جائے تو پھر کوئی خطرہ نہیں۔

کہاوت: **اَب کے مُڑ یئے ہوراجا** اگر اب بھی واپس آؤ تو جو چاہو کرو۔ موقع پر سنبھل جانے والا آرام میں رہتا ہے۔

کہاوت: **اَب کھائی سو کھائی، اب کھاؤں تو رام دُہائی** اپنی کسی غلطی پر افسوس کا اظہار کرنے کے موقع پر کہتے ہیں کہ آئندہ ایسا نہ ہوگا۔

کہاوت: **اَب مارا تو مارا، اب کے مارے تو جانوں** بزدل آدمی پر طنز ہے کہ مار کھا کر بھی ڈینگیں مارتا رہتا ہے۔

**اَبّ** زبرا، شدب۔ ع، اند۔ گھاس، سبزہ۔

**اَبّا** زبرا، شدب۔ اند۔ باپ، والد، پتا۔ مرکبات: اَبّا جان، اَبّا جی، اَبّا حضور والد کو محبت سے خطاب کرنے کے کلمے۔

محاورہ: **اَبّا بنانا** باپ کی جگہ سمجھنا (بعض اوقات طنزاً)۔

**اِبا** زیرا۔ اند، ع۔ حکم ماننے سے اِنکار؛ گریز، نفرت۔

**اَبابیل** زبرا، ی۔ اسف، ع۔ سیاہ رنگ کا چھوٹا سا پرندہ جو عموماً پرانی عمارتوں میں بسیرا کرتا اور غول کی صورت میں اُڑتا ہے۔

**اِباحت** زیرا، زبرح۔ اسف، ع۔ شرعی جواز، جائز ہونا۔

www.islamicbookbazar.com
ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

اِباحی/ اِباحتی/ اِباحیّہ (عربی) ایک فرقہ جو ہر عمل کو جو مقتضائے فطرت ہو، خواہ کھلا ہوا حرام ہو، جائز مانتا ہے؛ فرقہ اباحیہ سے تعلق رکھنے والا۔

اِباحیت زیرا، زیرح، شدی۔ امث، ع۔ شرعی بندشوں سے انکار کا مسلک، فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل۔

اُبارنا پیش ا، جزم ر۔ فعل متعدی۔ چھٹکارا دلانا، آزاد کرنا؛ بچانا، چھوڑنا، باقی رکھنا، جمع کرنا۔

اُبارا بچا کھچا، پس خوردہ۔

اَبازیر زبرا، ی۔ جمع، مذ۔ مسالے، کھانے میں ذائقہ اور خوشبو پیدا کرنے کے لیے ڈالے جانے والے اجزا۔

اُباس پیش ا۔ امث، ہ۔ بدبو، سڑاند، کھناس۔

اُباسا بدبودار، مزے سے اُترا ہوا (کھانا وغیرہ)۔

اُباسی پیش ا۔ صف، ہ۔ بدبودار، سڑاند والا۔

اِباق زیرا۔ مذ، ع۔ آقا کے یہاں سے لونڈی غلام کا فرار۔

اَباک زبرا۔ صف، ہ۔ گونگا، خاموش۔

اُبال پیش ا۔ مذ۔ کسی سیّال کا حرارت پا کر کھولنا، جوش کھانا؛ کف، پھین؛ (مجازاً) جوش، ولولہ، شدت۔

اُبالا پیش ا۔ صف۔ اُبلا ہوا، بغیر گھی کے پانی میں اُبال کر پکایا ہوا (کھانا)، بن بگھارا۔

اُبالا سُبالا معمولی، بے مزہ (کھانا)۔

کہاوت: اُبالی بھاتی ہے اسی پر قانع ہوں؛ کم مقدار یا گھٹیا شے پر ہی خوش ہونا۔

محاورہ: اُبالی دال ملنا گھٹیا یا نکمی خوراک کا ملنا۔

اَبتث زبرا، جزم ب، زبرت۔ امث۔ ترتیب ہجی جو 'ا، ب، پ' سے شروع ہوتی ہے، بخلاف ابجد جو 'ا، ب، ج، د'۔

ابتدا (ء) زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ امث۔ آغاز، شروع، افتتاح، شروع کرنے یا ہونے کا عمل۔

ابتداءً (ع) اوّل اوّل، شروع میں۔

محاورہ: ابتدا بگڑنا بچوں کی تربیت خراب ہونا؛ کسی کام کا آغاز ہی برا یا خراب ہونا۔

محاورہ: ابتدا ڈالنا بنیاد رکھنا؛ کسی کام کا آغاز کرنا۔

ابتدائی زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ صف، ع۔ شروع کا، آغاز کا؛ افتتاحی، تمہیدی؛ پرانا، قدیمی؛ بنیادی، اساسی۔

اِبتدائی تعلیم (امث، ع) شروع کا، تحتانی تعلیم کا نچلا درجہ، ماقبل فوقانی، ثانوی وغیرہ۔

اِبتدائی رُسوم (امث، ع) شروع کی رسمیں؛ پہلا سرکاری حق؛ شکرانے کے طور پر زمیندار کو دیا جانے والا پہلا حق۔

اِبتدائیہ (جزم ب، لیٹا زیرت۔ مذ) کتاب کی تمہید۔

ابتداع زیرا، جزم ب، زیرت۔ نئی بات پیدا کرنا؛ مذہب میں کسی کوئی نئی اختراع کرنا، بدعت کرنا۔

ابتذال زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ مذ، ع۔ عامیانہ پن، گھٹیا مذاق، اَخلاقی پستی؛ فرسودہ انداز میں لکھے گئے مضامین۔

اَبتر (۱) زبرا، جزم ب، زبرت۔ صف، ع۔ بے ترتیب، اُلٹ پلٹ، بے ربط، تتر بتر، منتشر۔ (اصلاً: بَتَر)۔

ابتری زبرا، جزم ب، زبرت۔ امث۔ بے ترتیبی، انتشار؛ گنجفہ میں پتوں کا گڈمڈ ہو جانا؛ زوال، تنزلی؛ پریشانی؛ تباہی۔

اَبتر (۲) زبرا، جزم ب، زبرت۔ صف۔ دُم کٹا؛ جس کی نسل منقطع ہو جائے (اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ۔ القرآن ۱۰۸:۳)۔

اِبتسام زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ مذ، ع۔ مسکراہٹ، شگفتگی، کِھلنا۔

اِبتعاد زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ امث۔ وہ زاویہ جو زمین پر سورج اور کسی سیارے کے مرکز سے کھینچے گئے خطوط سے بنے۔

اِبتغا زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ مذ، ع۔ طلب، خواہش۔

اِبتغائے منصب عہدے کی خواہش۔

اِبتغائے عبث ایسی خواہش جو بے جا ہو۔

اِبتکار زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ مذ، ع۔ ایجاد، اختراع، ابداع، نئی بات نکالنا، نئی طرح ڈالنا۔

اِبتلا (ء) زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ امث، ع۔ بلا میں

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

بگھرنا، مصیبت، افتاد؛ آزمائش، امتحان، جانچ۔

**اِبتلاع** زیرا، جزم ب، زیرت۔ حلق سے نیچے اُتارنا، نگل لینا۔

**اِبتہاج** زیرا، جزم ب، لیٹا زیرت۔ اند، ع۔ خوشی، مسرت، لطف اندوزی، محظوظ ہونے کی کیفیت۔

**اِبتہال** زیرا، زیرب، لیٹا زیرت۔ اند۔ گریۂ ندامت، عفوو درگزر کے لیے گڑگڑانا۔

**اُبٹن** پیش ا، جزم ب، زبرٹ۔ اند۔ جلد کی صفائی کے لیے جسم اور چہرے پر مَل کر دھوڑالنے کے لیے کھلی، ہلدی اور بعض خوشبودار بوٹیوں وغیرہ سے تیار کردہ مرکب۔

محاورہ: **اُبٹن کھیلنا** دُلھن کو اُبٹن لگائے جانے کے موقع پر لڑکیوں کا آپس میں ایک دوسرے کے منہ پر اُبٹن لگانا۔

**اَبجد** زبرا، جزم ب، زبرج۔ امث، ع۔ حروفِ تہجی کی وہ ترتیب جو ''اب ج د'' سے شروع ہوتی ہے اور جس کے حروف کو ملا کر چند کلمات میں تقسیم کیا گیا ہے: اَبجَد، ھَوَّز، حُطّی، کَلِمَن، سَعفَص، قَرَشَت، ثَخَذ، ضَظَغ۔ پہلے نو حروف ''ا'' تا ''ط'' بالترتیب اکائیوں پر (۱ تا ۹)، ''ی'' تا ''ص'' نو دہائیوں پر (۱۰ تا ۹۰)، ''ق'' تا ''ظ'' سیکڑوں پر (۱۰۰ تا ۹۰۰) مشتمل ہیں اور ''غ'' ایک ہزار کا حامل قرار دیا گیا ہے۔

صف: **ابجد آموز** ''اب ت'' سیکھنے والا، ابتدائی درجے کا طالب علم، مکتب کا مقتدی۔ نیز **ابجد خواں**۔

**اَبجھ** زبرا، پیش ب۔ صف، ہ۔ جو سمجھ میں نہ آئے؛ ناسمجھ، نادان، بیوقوف، بے شعور، گاؤدی۔ نیز اُبوجھ۔

**اَبحار** زبرا، جزم ب۔ جمع، مذ، ع۔ بحر (رک) کی جمع۔

**اَبخر** زبرا، جزم ب، زبرخ۔ صف، ع۔ ایسا شخص جس کے منہ سے بدبُو آئے، گندہ ذہن۔

**اَبخرہ** زبرا، جزم ب، لیٹا زیرخ، زبرر۔ اند، ع۔ (مرطوب زمین سے اُٹھنے والی) بھاپ، بخارات۔ جمع: ابخرے۔

محاورہ: **ابخرے اُٹھنا** بھبکے اُٹھنا، گرمی پیدا ہونا؛ غصہ آنا۔

**اَبخل** زبرا، جزم ب، زبرخ۔ ع۔ بہت کنجوس۔

**اَبد** زبرا، زبرب۔ اند، ع۔ زمانے کی حدِ آخر، مستقبل کا لامحدود زمانہ، ہمیشگی، دوام۔ لامتناہی مدت۔

متعلق فعل: **اَبَداً موَبَداً** (پیش م، زبرؤ، شد زبرب، دو زبر دَن) ہمیشہ ہمیشہ، دائماً۔

**ابدا (ء)** زیرا، جزم ب۔ اند، ع۔ اظہار، اعلان؛ ظاہر کرنا، نمایاں کرنا۔

**ابداج** زیرا، جزم ب۔ اند۔ کنایہ، کلام میں ذومعنویت پیدا کرنا (ایہام لفظی ہوتا ہے جب کہ ابداج معنوی ہوتا ہے)۔

**اِبدار** زیرا، جزم ب۔ مذ، سٹ۔ ظاہر کرنا؛ پیدا کرنا۔

**اِبداع** زیرا، جزم ب۔ اند۔ ایجاد، اختراع، تخلیق، ابتکار۔

**اَبدال** زبرا، جزم ب۔ جمع، مذ، ع۔ اولیا کا ایک گروہ یا گروہ کا فرد جسے زمین کے معاملات کا نگران خیال کیا جاتا ہے۔

**اَبدالی** اَبدال (رک) سے منسوب؛ افغانی قبیلے کا نام۔

**اِبدال** زیرا، جزم ب۔ اند۔ بدل دینے کا عمل۔ (علمِ صرف) ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف لانا۔

**اَبدان** زبرا، جزم ب۔ مذ، ع۔ بدن (رک) کی جمع۔

**اُبدج** پیش ا، جزم ب، زبرد۔ اذ، ہ۔ برسات میں پائے جانے والے کیڑے مکوڑے۔

**ابدی** زبرا، زبرب۔ صف، ع۔ جاودانی، سرمدی، غیر فانی؛ جس کی مستقبل کے زمانہ میں کوئی حد و انتہا نہ ہو۔

**ابدیت** زبرا، زبرب، زیرد، شد زبری۔ امث، ع۔ بقائے دوام، ہمیشگی۔

**اَبر** زبرا، جزم ب۔ اند، ف۔ بادل، ابخرات، گھٹا؛ فولاد پر صیقل کا نشان؛ لہریے؛ روک، آڑ، حجاب۔

محاورہ: **اَبر آنا** بادلوں کا فضا میں چھانا۔

**اَبرِ تنک** (پیش ت، زبرن، اند، ف) ہلکی گھٹا۔

**ابرِ تیرہ** (ف، اند) کالا، گھنا بادل؛ کالے رنگ کی گھٹا جس سے اندھیرا چھا جائے۔

محاورہ: **اَبر چھٹنا** بادلوں کا بکھر جانا، آسمان سے بادلوں کا منتشر ہوجانا۔

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

**ابرِ رحمت** (ف، ع) وقت پر برسنے والا، کھیتوں کو سرسبز کرنے والا، خدا کا بھیجا ہوا بادل۔

**ابرِ سیاہ** (اند، ف) کالا، گھنا بادل؛ کالے رنگ کی گھٹا جس سے اندھیرا چھا جائے۔ نیز ابرِ تیرہ۔

**ابرِ غلیظ** (اند، ف، ع) گہرا بادل، گھنگھور گھٹا۔

**ابرِ کرم** (اند، ف، ع) بادل کی طرح نہال کرنے والا۔

کہاوت: **ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑ دینا** زیادہ چیز کی اُمید پر تھوڑی کو ضائع کر دینا۔ اُمیدِ موہوم پر موجودہ شے ضائع کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

**ابر گندۂ بہار** (اند، ف) برسات کا وہ بادل جو کیچڑ پھیلانے کا باعث ہو۔

**ابرِ محیط** چاروں طرف پھیلی ہوئی گھٹا۔

**ابرِ مردہ** (اند، ف، ع) ایک سمندری جانور کا مردہ، نرم دبیز اور سوراخ دار جسم جو پانی جذب کر لیتا ہے اور نچوڑنے سے پانی نکل جاتا ہے، اسفنج؛ ایسا بادل جو بارش برسا چکا ہو۔

**ابرِ مَطیر** (اند، ف، ع) بہت برسنے والا بادل۔

**ابرِ گوہر/ نَیساں** (ے لین) (اند، ف) شامی سال کے ساتویں مہینے نیساں کا بادل جس کی بابت خیال ہے کہ اِس کے قطرے سے سیپ میں موتی بنتے ہیں۔

محاورہ: **ابر گھرنا** گھٹا چھانا، آسمان پر بادل جمع ہو جانا۔

**اَبر و باد** (مرکب عطفی، ف) بارش اور ہوا کا طوفان۔

**اِبرا** (ء) زیرا، جزم ب۔ اند، ع۔ الزام یا ذمہ داری سے بری قرار دیا جانا، چھٹکارا دینا؛ تندرست کرنا، اچھا کرنا۔

**اُبرا** پیش ا، جزم ب۔ صف۔ باقی، بچا ہوا بُتھلہ۔

**اَبرار** زبرا، جزم ب۔ جمع، مذ، ع۔ نیک لوگ۔

**ابرام** زیرا، جزم ب۔ اند، ع۔ اصرار، شدت کے ساتھ کسی شے کا مطالبہ، تقاضا؛ تصفیہ؛ تنگ دلی، بے قراری۔

**ابراہ** زبرا۔ موری، بدررو؛ سیلاب۔

**ابراہیمؑ** زیرا، جزم ب، ی۔ اند، ع۔ کعبے کے بانی، موحد پیغمبر، آزر بت تراش کے بیٹے، حضرت اسمٰعیلؑ کے والد، توحید کی تبلیغ کے جرم میں بادشاہ نمرود نے آگ میں ڈالا اور وہ آگ گلزار بن گئی تھی۔ مخفف: براہیم۔

**اَبرص** زبرا، جزم ب، زبر ر۔ صف، ع۔ برص کا ... جذامی، جس کے جسم پر برص کے سفید داغ دھبے ہوں۔

**اَبرق** زبرا، جزم ب، زبر ر۔ امث، ع۔ ایک نیم ... بھربھرے پتروں کی شکل میں مٹی کے تودوں سے نکلنے والی شے جو غیر موصل ہونے کی بنا پر بہت سے کاموں میں آتی ہے۔

**اَبرن** زبرا، جزم ب، زبر ر۔ اند، ہ۔ زیور، گہنا؛ قیمتی لباس۔

**اُبرن سبرن** پیش ا، جزم ب، زبر ر، پیش س، جزم ب، ... ر۔ اند، ہ۔ فالتو، بچی کھچی شے؛ پس خوردہ، نکما، ناکارہ سامان۔

**ابرنجن** زبرا، جزم ب، زبر ر، جزم ن، زبر ج۔ اند، ... کلائی یا ٹخنوں کا طلائی یا نُقرئی زیور۔

**اَبرو** زبرا، جزم ب، و مع۔ اند، امث، ف۔ آنکھ کے اوپر محراب نما ہڈی پر دو طرفہ بالوں کی لکیر، بھوں، بھویں۔

**اَبروئے پیوستہ** (ے لین، زبر و، جزم س، زبر ت) ... بھویں۔

محاورہ: **اَبرو چڑھانا** ناخوش ہونا، تیوری چڑھانا۔

محاورہ: **ابرو چِننا** بھنویں سکیڑنا، ماتھے پر بل ڈالنا۔

محاورہ: **ابرو ملانا** باہمی سازش کرنا؛ اشارہ بازی کرنا۔

محاورہ: **ابرو میں بل آنا/ پڑنا** غصہ آنا، تیوری چڑھانا۔

**ابروئے فلک** (اند، ع، ف) پہلی رات کا چاند، ہلال۔

**اَبرہ** زبرا، جزم ب، زبر ر۔ سلے ہوئے کپڑے، لحاف وغیرہ کی بالائی تہہ۔ استر کے اُوپر کا کپڑا؛ بچھو کا ڈنک۔

**اَبری** زبرا، جزم ب۔ امث، ف۔ کتاب وغیرہ کی جلد چڑھانے کا رنگین، چکنا کاغذ؛ دباغت کیے ہوئے چمڑے کا چکنا رُخ؛ ایک دو رنگا دھاری دار یا چتی دار مرمریں پتھر۔

**اَبریشم** زبرا، جزم ب، ے، زبر ش۔ اند، ف۔ کچا ریشم، نرم و مہین، چمکیلا ریشہ جو ایک کیڑے کے منہ سے نکلتا ہے اور اُس سے کپڑے بُنے جاتے ہیں۔ ریشم کا کویا؛ لوہے، پیتل

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store

تانبے اور جست وغیرہ کو ملا کر بنایا ہوا کسی ساز کا تار۔

**اَبڑ دھبڑ** زبر ا، زبر ب، زبر دھ، زبر ب، جزم ڑ۔ امث۔ متعلق فعل۔ افراتفری، بھاگ دوڑ؛ بے ترتیبی سے (بھاگنا)۔

**اُبسنا** پیش ا، زبر ب، جزم س۔ فعل لازم۔ گلنا، سڑنا، بدذائقہ ہوجانا، چل جانا۔ نیز بُسنا۔ صف: بُسا/اُبسا۔

**اَبصار** زبر ا، جزم ب۔ جمع، مذ، ع۔ بصر (رک) کی جمع۔

**اِبصار** زیر ا، جزم ب۔ امذ، ع۔ نظر آنے کا عمل، دیدار۔

**اِبطال** زیر ا، جزم ب۔ امذ، ع۔ جھٹلانا، غلط قرار دینا۔

**اِبطی** زیر ا، جزم ب۔ امث۔ (طب) بغلی، بغل کا۔

**اَبعاد** زبر ا، جزم ب۔ جمع، مذ، ع۔ فاصلے، دُوریاں؛ حدود جو کسی جسم کی جسامت یا حجم کو متعین کریں؛ طول، عرض اور عُمق جنھیں اَبعادِ ثلاثہ کہتے ہیں۔

**اَبعاض** زبر ا، جزم ب۔ جمع، مذ۔ (مجموعے یا زیادہ تعداد میں سے) چند، کوئی، کچھ؛ اجزا۔

**اَبعد** زبر ا، جزم ب، زبر ع۔ صف، ع۔ بہت دُور، پرے۔

**اِبکا** زیر ا، جزم ب۔ امذ، ع۔ رونے کی ترغیب، رُلانا؛ بہت رُلانے والا۔

**اُبکائی** پیش ا، جزم ب۔ امث، ہ۔ متلی، اُچھال۔

**اَبکت** زبر ا، زبر ب، زبر ک۔ صف، ہ۔ اَن جانا، اَنوکھا، سمجھ میں نہ آنے والا، غیر معقول۔

**اُبل** پیش ا، زبر ب۔ اُبلنا کا مادہ اور صیغۂ امر۔

محاورہ: اُبل پڑنا خفا ہونا، بُرا بھلا کہنا؛ اپنے آپ میں نہ رہنا، کم ظرفی کا مظاہرہ کرنا؛ نمودار ہونا، پھوٹ پڑنا۔

**اِبلا (ء)** زیر ا، جزم ب۔ محنت میں ڈالنا؛ کسی کی آزمائش کرنا؛ کسی شے کا ظاہر کرنا؛ کفایت کرنا۔

**اَبلاس** زبر ا، جزم ب۔ صف۔ ناامید ہونا، غمگین ہونا۔

**اِبلاغ** زیر ا، جزم ب۔ امذ، ع۔ پہنچانے، پھیلانے، نشر کرنے کا عمل؛ بکھیرنا۔ (صف) اِبلاغی۔

اِبلاغیات (زیر غ) نشر و اشاعت کا فن یا شعبہ۔

**اَبلغ** زبر ا، جزم ب، زبر ل۔ اسم تفضیل، ع۔ نہایت درجہ کا پہنچا ہوا، مبالغے کی حد تک؛ بلیغ ترین۔

**اَبلق** زبر ا، جزم ب، زبر ل۔ صف۔ امذ، ع۔ دورنگا، سفید و سیاہ، چتکبرا، (گھوڑا، پرندہ وغیرہ)۔

**اُبلنا** پیش ا، زبر ب، جزم ل۔ فعل لازم۔ کھولنا، کھد بدانا، جوش کھانا؛ اُمڈنا، ادبدا کے نکل پڑنا، اُبھرنا، زور کر کے چڑھنا، کناروں سے نکل پڑنا؛ (مجازاً) طیش میں آنا، مستی میں آنا۔

محاورہ: اُبل پڑنا آپے سے باہر ہوجانا، باہر نکل آنا۔

**اَبلہ** زبر ا، جزم ب، زبر ل۔ صف، ع۔ بھولا، بیوقوف۔

اَبلہ فریبی (، اسم کیفیت، ع، ف) دھوکا دینا، بہکانا۔

ابلہی بے وقوفی، سادہ لوحی؛ احمق پن۔

**اِبلیس** زیر ا، جزم ب، ی۔ امذ، ع۔ علم۔ شیطان کا نام جو قرآن میں مذکور ہے۔ آتشی مخلوق (جنوں) میں سے خدا کا باغی فرد، عزازیل؛ (مجازاً) مردود، ٹھکرایا ہوا؛ مفسد، سرکش۔

**اِبن** زیر ا، جزم ب۔ امذ، ع۔ بیٹا، ولد، فرزند۔

ابن السبیل (پیش ن، غم ا، غم ل، زبر س، ی) مسافر، راہ گیر۔

ابن الوقت (پیش ن، غم ا، جزم ل، زبر و، جزم ق) دُنیادار آدمی؛ وقتی مصلحت کے تحت پلٹ جانے والا، موقع شناس۔

**اَبنا (ء)** زبر ا، جزم ب۔ امذ، جمع۔ بیٹے، بیٹیاں، آل اولاد۔

اَبنائے جنس ایک ہی نسل یا نوع کے افراد۔

اَبنائے وقت مطلبی، زمانہ ساز لوگ۔

اَبنائے وطن اہلِ مُلک، ہم وطن، برادرانِ وطن۔

**اُبنہ** پیش ا، جزم ب، زبر ن۔ امث، ع۔ مقعد کی خلش، ایک بیماری جس کے مریض کو اِغلام کرانے کی خواہش ہوتی ہے۔

**ابو** زبر ا، وع۔ امذ، ع۔ باپ، والد؛ مالک، صاحب۔

اَبوُ الآباء (غم ا، جزم ل، امذ) جدِ اعلیٰ، حضرت آدمؑ کا لقب؛ باپوں کا باپ۔

www.islamicbookbazar.com

ISLAMIC BOOKBAZAR
Brought to you by: www.islamicbookbazar.com
Your friendly & reliable online book store